HAMDARD EDUCATION SOCIETY

TALIMABAD, SANGAM VIHAR, NEW DELHI-110080

Tel: 26045063, 26042064, 26042370

www.hamdardeducationsociety.org.in

ہمدرد ایجوکیشن سوسائٹی کے تعلیمی وظیفے

ہمدرد ایجوکیشن سوسائٹی نئے تعلیمی سال کے لئے قرض وظیفے جاری کرنے کے واسطے درخواستیں طلب کرتی ہے۔ صرف وہی مسلم طلبہ وطالبات درخواست بھیجنے کے مجاز ہوں گے جنھوں نے دسواں درجہ (میٹرک) بارھواں (انٹر) یا اس کے مساوی امتحان یا گریجویشن کم از کم ۸۰ فی صد نمبروں سے پاس کیا ہو اور جن طالب علموں کے نمبر اپنی ریاستوں میں درخواست دینے والے طلبہ میں سب سے زیادہ پائے جائیں گے۔ سائنس، انجینیرنگ، میڈسن کے علاوہ کامرس، اکنامکس اور سوشل سائنسز کے طلبہ بھی درخواست دے سکتے ہیں۔

وظیفے کی رقوم کا فیصلہ کورسز کے اعتبار سے سلکشن کمیٹی کرے گی۔

جو طلبہ وطالبات وظیفے کے حقدار ٹھہریں گے، ان کو ایک بانڈ بھر کر دینا ہوگا کہ تعلیم مکمل کر لینے کے زیادہ سے زیادہ دو سال کے بعد قرض وظیفہ کی رقم واپس کرنا ہوگی۔ وظیفہ پانے والے طلبہ کی پیش رفت کا ہر سال احتساب ہوگا اور اگر رفتار اطمینان بخش پائی گئی تو وظیفے کی تجدید کی جائیگی۔ وظیفہ کا فیصلہ کرتے وقت صلاحیت اور مالی حالت دونوں کو ملحوظ رکھا جائیگا۔

غیر ملکی طلبہ کو یہ وظیفہ نہیں دیا جاتا ہے۔ وظیفے کی اسکیم سوسائٹی کے سابق صدر مرحوم حکیم عبدالحمید صاحب کے ایما پر اس لیے جاری کی گئی تھی کہ ہندوستانی مسلمان جو تعلیم میں پیچھے ہیں، انھیں تعلیمی میدان میں آگے لایا جائے اور ان میں مقابلے کا جذبہ پیدا کیا جائے تا کہ وہ تعلیمی پسماندگی سے نکل کر ملک کی ترقی میں زیادہ مؤثر کردار ادا کر سکیں۔

جو مسلم طلبہ یہ وظائف پانے کے خواہشمند ہیں اور جن کا ارادہ ہے کہ وہ تعلیم کا سلسلہ عصری تعلیم کے کسی تسلیم شدہ ادارے سے کم از کم ۲۰۲۶-۲۰۲۷ء کے تعلیمی سال تک جاری رکھیں گے۔ مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے درخواست فارم ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

www.hamdardeducationsociety.org.in

یا سکریٹری، ہمدرد ایجوکیشن سوسائٹی، تعلیم آباد، سنگم وہار، نئی دہلی پن کوڈ ۱۱۰۰۸۰ کے نام خط بھیج کر درخواست فارم منگوا سکتے ہیں۔ بھرے ہوئے فارم ۳۰ ستمبر ۲۰۲۵ء تک وصول کئے جائیں گے۔

درخواست دہندگان پر لازم ہوگا کہ وہ درخواست فارم کے ساتھ مارک شیٹ، بونا فائڈ اسٹوڈنٹ سارٹیفکیٹ، ماہانہ انکم سارٹیفکیٹ کی اٹسٹڈ فوٹو کاپی ضرور منسلک کریں۔

تاخیر سے آنے والی درخواستوں پر غور ممکن نہ ہوگا۔

سید حامد

سید ثمر حامد

سکریٹری، ہمدرد ایجوکیشن سوسائٹی

۵ جون ۲۰۲۵ء